بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

رجسٹرڈ نمبر ۲۵۲۵

سیفون: ۴۴۹

روزنامہ

الفضل

ربوہ

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۳۵ ○ بدھ ۲۵ صفر المظفر ۱۴۰۲ھ، ۲۴ فتح ۱۳۶۰ ہش، ۲۳ دسمبر ۱۹۸۱ء ○ نمبر ۲۹۳

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۲۱ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

"طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے"۔ الحمد للہ۔

احباب کرام التزام اور توجہ سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولا کریم اپنے فضل سے ہمارے محبوب آقا ایدہ اللہ کو صحت و سلامتی سے رکھے اور آپ کو ہر دم اور ہر آن روح القدس کی تائید سے نوازتا رہے۔ آمین ؛

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ۔

احباب کرام التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ ممدوحہ مدظلہا العالی کو صحت و سلامتی سے رکھے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین ؛

جلسہ سالانہ کے انتظامات تکمیل کے آخری مرحلے میں داخل ہو گئے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سات لنگر خانوں اور مردانہ، زنانہ و پرائیویٹ رہائش گاہوں کے انتظامات مکمل ہو گئے

جلسہ کی ۳۷ نظامتوں کے چھ ہزار رضاکار کارکن ڈیوٹی ادا کرنے کو مستعد ہو گئے

جلسہ سالانہ کے انتظامات کے سربراہ افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب سے نمائندہ الفضل کی گفتگو

ربوہ: ۲۱ فتح / دسمبر۔ جماعت احمدیہ کے ۸۹ ویں جلسہ سالانہ کے انتظامات اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تکمیل کے آخری مرحلے میں پہنچ گئے۔ افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے ایک ملاقات میں نمائندہ الفضل کو تفصیلات بتلاتے ہوئے کہا کہ جلسہ سالانہ پر آنے والے ہزاروں ہزار مہمانوں کے استقبال اور قیام و طعام کا انتظام کرنے اور ہر ممکن سہولت اور آرام بہم پہنچانے کے لئے دفتر جلسہ سالانہ کے ۳۷ محکمے (نظامتیں) اور چھ ہزار سے زائد رضاکار کارکن اپنی ڈیوٹیاں سنبھالنے کو مستعد ہیں۔ ان میں سے ایک بڑی تعداد باضابطہ طور پر اپنی ڈیوٹیاں پہلے ہی سنبھال چکی ہے باقی تمام کارکن ۲۴ دسمبر سے اپنی ڈیوٹیاں سنبھال رہے ہیں۔ جلسہ سالانہ کے انتظامات کے سربراہ افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب ہیں اور ان کے تین نائب محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب، محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب، اور محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ہیں۔

اس سال اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَسِّعْ مَكَانَكَ کے تحت محلہ دارالیمن میں ایک نیا لنگر خانہ تعمیر کیا گیا ہے۔ یہ ساتواں لنگر خانہ ہے۔ اس سے پہلے چھ لنگر خانے گذشتہ سال کام کر رہے تھے محلہ دارالیمن میں چونکہ سوئی گیس کا ابھی انتظام نہیں اس لئے لنگر خانہ میں بھی لکڑی کے چولہوں اور تنوروں کے ذریعے روٹی پکائی جائے گی۔ اس لنگر خانہ کے قیام سے ربوہ کے ایک بہت دور کے محلہ کے مہمانوں کو کھانا لانے میں بہت سہولت پیدا ہو جائے گی۔ لنگر خانہ دارالیمن کے علاوہ چار بڑے لنگر خانے اور دو چھوٹے لنگر خانے کام کر رہے ہیں بڑے لنگروں میں لنگر خانہ ۱، دارالصدر، لنگر خانہ ۲، دارالرحمت، لنگر خانہ ۳، دارالعلوم، لنگر خانہ ۴، دارالنصر، اور لنگر خانہ ۵، دارالیمن شامل ہیں۔ جبکہ دو چھوٹے لنگر خانوں میں لنگر خانہ دارالضیافت اور لنگر خانہ برائے پرہیزی کھانا شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مہمانانِ بیرون پاکستان کے لئے ایک علیحدہ جگہ کھانا پکایا جائے گا۔ اس طرح سے جلسہ سالانہ کے کل مہمانوں کے لئے آٹھ (۸) جگہ کھانا پکے گا۔

نئی دیگیں:۔ احباب جماعت کے اخلاص اور فدائیت کا ایک شاندار نمونہ نئی دیگوں کی آمد ہے۔ احباب کرام نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر دیوانہ وار لبیک کہتے ہوئے چند ماہ میں ۲۶۰ دیگوں سے زیادہ کی رقم بھجوا دی۔ یہ دیگیں بھی اس سال جلسہ سالانہ پر استعمال ہوں گی

رہائش گاہیں:۔ جلسہ سالانہ پر آنیوالے مہمانوں کے لئے تین اقسام کی رہائش گاہیں ہوتی ہیں۔ ۱، رہائش گاہیں مستورات ۲، مردانہ اجتماعی قیام گاہیں اور ۳، پرائیویٹ قیام گاہیں۔

مستورات کے قیام کے لئے دفتر لجنہ کی عمارت صحن کی چھولداریاں، زنانہ قیام گاہ عقب دارالضیافت، اس کے صحن کی چھولداریاں، اور بیرون پاکستان کی خواتین کے لئے مہمان خانہ کا نیا بلاک جو گذشتہ سال تعمیر ہوا ہے۔

مردانہ اجتماعی قیام گاہوں میں دارالضیافت، دفتر انصار اللہ، ایوان محمود، دفاتر صدر انجمن احمدیہ سرجیکل وارڈ فضل عمر ہسپتال، مہمان خانہ جماعت کراچی محلہ دارالصدر، مردانہ مہمان خانہ احاطہ مسجد اقصیٰ، جامعہ احمدیہ (اس میں اس سال چار کمروں کا اضافہ ہوا ہے) مدرسۃ الحفظ، جدید پریس، اور مردانہ قیام گاہ دارالنصر شامل ہیں۔

محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے پرائیویٹ قیام گاہوں کے متعلق بتایا کہ کثرت کے ساتھ احباب جماعت نے نظام جلسہ سے اس بات کی خواہش کی ہے کہ ان کی فیملیز کیلئے الگ کمرے دیئے جائیں محترم چوہدری صاحب نے کہا کہ احباب کو علم ہے سلسلہ کے ادارہ جات اور محلہ جات سے پیش کئے گئے کمروں کی تعداد محدود ہوتی ہے اور عملاً سب احباب کی فیملیز کو کمروں میں جگہ دینا ممکن نہیں ہوتا اس لئے کمروں کی کمی کو پورا کرنے کے لئے دفتر انتظام جلسہ سالانہ کی طرف سے بڑی تعداد میں چھولداریوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ جو دارالضیافت کے سامنے دفاتر صدر انجمن احمدیہ کے ساتھ اور جامعہ احمدیہ کے احاطہ میں لگائی گئی ہیں۔ ان چھولداریوں کے ساتھ پانی اور بیت الخلاء کا انتظام کر دیا گیا ہے بجلی کا انتظام ہو رہا ہے۔ محترم چوہدری صاحب نے احباب سے درخواست کی ہے کہ اگر کسی دوست کو کمرہ کی بجائے خیمہ الاٹ کیا جائے تو وہ اس کو بشاشت قلبی سے قبول فرمائیں۔ کیونکہ یہ نظام جلسہ کی مجبوری ہے۔

ڈیوٹی کارکنان و کارکنات

جلسہ سالانہ پر کام کرنیوالے چھ ہزار سے زائد کارکنوں کی ڈیوٹی کا چارٹ چھپ گیا ہے اور سب کو ان کی ڈیوٹی سے مطلع کر دیا گیا ہے اور ایک دفعہ ریہرسل کے طور پر سب کارکنوں کو اکٹھا کر کے افسر جلسہ اور نائب افسران اپنے اپنے فرائض سے آگاہ کر چکے ہیں اسی طرح کارکنات جو نظامت مہمان نوازی مستورات کے تحت حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ مدظلہا العالی صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کی نگرانی میں کام کرتی ہیں ان کا ڈیوٹی چارٹ بھی چھپ گیا ہے۔

محترم چوہدری صاحب نے آخر میں کہا کہ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کارکنان کو مہمانوں کی خدمت، ذوق و شوق، جوش و ولولہ، محنت پیار اور محبت سے دعائیں کرتے ہوئے ادا کرنے کی توفیق دے۔ جملہ مہمانان کرام کی آمد کا ہم سب کارکنوں کو بے چینی سے انتظار ہے۔ اللہ تعالیٰ سب مہمانوں کا سفر و حضر میں حامی و ناصر ہو اور مہمان اور کارکنان سبھی حضرت اقدس کی دعاؤں کے وارث بنیں (آمین)

جماعت احمدیہ کا نواسی واں جلسہ سالانہ

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے اعلان کیا جاتا ہے کہ امسال جماعت احمدیہ کا نواسی واں سالانہ جلسہ ۲۶-۲۷-۲۸ فتح ۱۳۶۰ھش (دسمبر ۱۹۸۱ء) بروز ہفتہ۔ اتوار۔ سوموار ربوہ میں منعقد ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

احباب اس بابرکت جلسہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شمولیت فرمائیں!

(ناظر اصلاح و ارشاد)

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبد الحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ، قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ

۲۵ صفر ۱۴۰۲ھ

۲۳ فتح ۱۳۶۰ ہش

دین کو دنیا پر مقدم کرنے کے عہد کو پورا کر دکھانے کا مبارک موقع

ہم نے احمدی ہونے کی حیثیت میں سیدنا حضرت اقدس کے دستِ مبارک پر اللہ تعالیٰ سے ایک عہد کر رکھا ہے اور وہ عہد یہ ہے کہ ہم دین کو دنیا پر بہر حال مقدم رکھیں گے۔ یہ ایک اصولی عہد ہے۔ اس عہد کو نبھانے کا موقع ہر روز ہی نہیں بلکہ زندگی میں ہر ہر قدم پر پیدا ہوتا ہے۔ اس کے تحت ہمارا یہ فرض قرار دیا گیا ہے کہ ہم ہر کام کے کرتے وقت اس امر کا جائزہ لیں کہ آیا ہم دین کو دنیا پر مقدم کرنے کے عہد کو نبھا رہے ہیں یا نہیں۔ یہ احتساب ہمیں زندگی کے تمام شعبوں اور جملہ دنیوی امور میں بھی خدائی احکام کی خلاف ورزی کا مرتکب نہیں ہونے دیتا اور اس طرح ہمیں ہر کام کو پوری دیانتداری محنت اور لگن سے سرانجام دینے کی توفیق ملتی چلی جاتی ہے اور خدا تعالیٰ ہمیں دیانتداری محنت اور لگن کے بہترین ثمرات سے نوازتا چلا جاتا ہے۔ اگر دیکھا جائے تو یہ ایسا ہمہ گیر عہد ہے جو ہماری ہر حرکت و سکون پر حاوی ہے اور ہمیں دوسرے لوگوں سے ممیز و ممتاز بنانے کا موجب ہے۔

اس اصولی عہد کو عملاً نبھانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے ہم سے اس ہی کے تحت اور بہت سے عہد بھی لئے ہیں اور ہم اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے اپنے اس عہد کو نبھاتے چلے آ رہے ہیں۔ ایسے ہی عہدوں میں سے ایک عہد کے متعلق آج ہم محض حصول ثواب کی خاطر یاددہانی کرانا چاہتے ہیں اور اس امر کے باوجود کہ آپ جانتے ہیں ہمیں بخوبی علم ہے کہ احباب جماعت کو وہ عہد اچھی طرح یاد ہے اور وہ اسے سال بہ سال پورے عزم و تعہد کے ساتھ پورا کرتے چلے آ رہے ہیں اور ان میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس عہد کو پورا کرنے کا جوش سال بہ سال بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے اور انشاء اللہ العزیز بڑھتا چلا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ سے وہ عہد باندھنے کا حکم ہمیں خدائی منشاء کے ماتحت سیدنا حضرت اقدس نے خود دیا تھا۔ اس عہد کا تعلق جلسہ سالانہ میں شمولیت سے ہے۔ چنانچہ جب حضور اقدس نے خدائی اذن کے ماتحت جلسہ سالانہ کی بنیاد رکھی تو آپ نے اپنے متبعین کو مخاطب کر کے انہیں اس میں سال بہ سال شامل ہونے کا عہد باندھنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا:

"حتی الوسع والطاقت تاریخ مقررہ پر حاضر ہونے کے لئے اپنی آئندہ زندگی کے لئے عہد کر لیں اور بدل و جان پختہ عزم سے حاضر ہو جایا کریں۔"

(کتاب "آسمانی فیصلہ")

جلسہ میں بدل و جان پختہ عزم سے شمولیت اختیار کرنے کا عہد ایک دو یا چند سال کے لئے نہ تھا بلکہ پوری زندگی کے لئے تھا۔ اس لحاظ سے ہر احمدی اس امر کا پابند ہے کہ وہ ہر سال جلسہ سالانہ میں شامل ہو اور زندگی بھر سال بہ سال شامل ہوتا چلا جائے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس جلسہ کا غلبۂ حق کے ساتھ براہِ راست تعلق ہے۔ یہ جلسہ لوگوں میں ذوق و شوق اور ولولۂ عشق پیدا کر کے انہیں غلبۂ حق کی آسمانی مہم میں پہلے سے بڑھ کر جذبہ و جوش کے ساتھ حصہ لینے کے قابل بناتا ہے اور ان کے اندر دین کی راہ میں آگے سے آگے قدم بڑھانے کی اہلیت پیدا کرتا ہے اور وہ خدائی تائید و نصرت کو جذب کر کے فی الحقیقت آگے سے آگے قدم بڑھاتے چلے جاتے ہیں۔ ہمارے مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ کی اس عظمت و اہمیت کے پیشِ نظر کہ غلبۂ حق کے عظیم مقصد میں کامیابی سے اس کا براہ راست تعلق ہے اور یہ کہ خدا تعالیٰ نے اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں۔ جو اس میں سال بہ سال اپنے نمائندوں کی وساطت سے پہلے سے بڑھ کر تعداد میں شامل ہوتی چلی آ رہی ہیں اور اس طرح دنیا میں حق کا موعودہ غلبہ ہر سال پہلے سے بڑھ کر شان کے ساتھ آشکار ہوتا چلا آ رہا ہے۔ احباب جماعت کے لئے یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ وہ اپنے اس عہد کو جو انہوں نے جلسہ سالانہ میں شمولیت سے متعلق اپنے رب سے باندھ رکھا ہے کبھی فراموش کر سکیں یا اسے بدل و جان نبھانے سے غافل ہو سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ہر سال اس میں شمولیت سے بہرہ ور ہونے کے لئے دیوانہ وار کھچے چلے آتے ہیں اور بفضل اللہ تعالیٰ آتے بھی ہیں پہلے سے بڑھ کر تعداد میں۔ سو انشاء اللہ العزیز امسال بھی وہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے دیوانہ وار کھچے چلے آئیں گے اور آئیں گے بھی خدائی وعدوں کے بموجب پہلے سے بڑھ کر تعداد میں۔ وہ کیوں نہ آئیں جبکہ وہ سارا سال اپنے اس مقدس و بابرکت جلسہ کے انتظار میں گزارتے ہیں اور مہینوں پہلے دن گننے شروع کر دیتے ہیں کہ اب جلسہ کے مبارک ایام میں اتنے دن باقی رہ گئے ہیں۔

اب جبکہ جلسہ کے دن بالکل قریب آ گئے ہیں اور احباب کی انتظار کی گھڑیاں ختم ہوا چاہتی ہیں۔ بہت سے احباب نے ابھی سے ربوہ پہنچنا شروع کر دیا ہے۔ چنانچہ علی الخصوص بیرونی ملکوں سے احباب کی آمد کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ جو احباب زیادہ دور ہیں اپنی دوری و مہجوری کا احساس کرتے ہوئے آنے والوں میں زیادہ پیش پیش ہیں۔ انشاء اللہ ان کی تشریف آوری کا سلسلہ اب بڑھتا ہی چلا جائے گا۔ پاکستان کے کونہ کونہ سے ہی نہیں بلکہ مشرق و مغرب کے دور دراز علاقوں حتیٰ کہ زمین کے کناروں تک سے لوگ کھچے چلے آئیں گے۔ الغرض اسود و احمر ایک ہی مرکز پر آ جمع ہوں گے اور محبت و اخوت کے ایک ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کی شکل اختیار کر لیں گے اور اس کی گہرائی و گیرائی کو دیکھ دیکھ کر اپنے ایمانوں کو تازہ کریں گے اور خدائی وعدوں کے پورا ہونے پر اپنے صادق الوعد خدا کے حضور سجدات شکر بجا لائیں گے اور اس کی تحمید و تمجید سے یہاں کی فضاؤں کو جو ذکر الٰہی سے پہلے ہی معمور رہتی ہیں اور زیادہ معمور کر دکھائیں گے اور انشاء اللہ العزیز اس کثرت اور اس جذبہ و جوش سے ذکر الٰہی بلند ہوگا کہ لاکھوں سینوں میں پیدا ہونے والی گونج ملائے اعلیٰ میں بھی پہنچے گی اور ملائکۃ اللہ آسمانوں میں اس کا چرچا کریں گے۔ چند دنوں کی بات ہے کہ یہ سب کچھ ایک دفعہ پھر پہلے سے بھی بڑھ کر شان کے ساتھ منصۂ شہود پر آ جائے گا اور ہمیں رحمتوں، فضلوں اور برکتوں سے مالا مال کر دکھائے گا انشاء اللہ العزیز و باللہ التوفیق۔

نقشہ فرودگاہ مہمانان کرام جلسہ سالانہ ۱۹۸۱ء

۱	دار الضیافت و مہمان خانہ کراچی	کراچی ڈویژن، کوئٹہ قلات ڈویژن، راولپنڈی شہر و ضلع
۲	خیمہ جات ۱ بالمقابل دار الضیافت	پرائیوٹ قیامگاہ
۳	خیمہ جات ۲ بالمقابل دفاتر صدر انجمن احمدیہ	" "
۴	دفاتر صدر انجمن	کراچی
۵	فضل عمر ہسپتال سرجیکل وارڈ	"
۶	دفاتر انصار اللہ	پشاور ڈویژن، ڈیرہ اسمٰعیل خان ڈویژن
۷	ایوان محمود	سیالکوٹ شہر و ضلع
۸	دفاتر وقف جدید	پرائیوٹ قیامگاہ
۹	مردانہ مہمان خانہ (احاطہ مسجد اقصیٰ)	بلاک ۱ کمرہ ۱ تا ۴ فیصل آباد شہر و ضلع ۵ تا ۷ گجرات شہر و ضلع۔ بلاک ۲ کمرہ ۱ تا ۴ گوجرانوالہ شہر و ضلع ۵ تا ۷ ملتان شہر و ضلع بلاک ۳ کمرہ ۲ تا ۴ جھنگ شہر و ضلع ۵ تا ۷ وہاڑی شہر و ضلع۔ ساہیوال شہر و ضلع بلاک ۴ کمرہ ۱ تا ۳ لاہور شہر و ضلع ۴ قصور شہر و ضلع۔ ۵ کیمبلپور شہر و ضلع ۶ ضلع ہزارہ بلاک ۵ جہلم شہر و ضلع
۱۰	جامعہ احمدیہ نچلی منزل	سرگودھا شہر و ضلع
	" " بالائی منزل	حیدر آباد ڈویژن۔ ڈیرہ غازیخان شہر و ضلع
۱۱	خیمہ جات احاطہ جامعہ احمدیہ	پرائیوٹ قیامگاہ
۱۲	ناصر ہوسٹل	"
۱۳	مدرسۃ الحفظ	آزاد کشمیر مظفر گڑھ شہر و ضلع۔ میانوالی شہر و ضلع
		بہاولپور ڈویژن، خیرپور ڈویژن
۱۴	جدید پریس	پرائیوٹ قیامگاہ
۱۵	مہمان خانہ مردانہ دار النصر	شیخوپورہ شہر و ضلع

(ناظم مکانات جلسہ سالانہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ نائیجیریا کے "جوانوں کے جوانوں" کا

آٹھواں سالانہ اجتماع انصاراللہ

مرتبہ - ملک محمد اکرم صاحب پرنسپل احمدیہ مشنری ٹریننگ کالج الارو ؛ مرسلہ وکالت تبشیر - ربوہ -

(آخری قسط)

نماز مغرب وعشاء اور درس الحدیث

سوا سات بجے سکول کی وسیع مسجد میں نمازِ مغرب اور عشاء باجماعت ادا کی گئیں جن کے بعد خاکسار نے حدیث نبوی "کا درس دیا۔ خاکسار نے "النظافۃ من الایمان" کی حدیث کے تحت بتایا کہ صفائی جزو ایمان ہے۔ ہمیں جسم کی صفائی، اپنے لباس کی صفائی، گھروں کی صفائی کے علاوہ راستوں اور سڑکوں کی صفائی کا بھی خاص خیال رکھنا چاہیئے

مجلس سوال وجواب

بعد ازاں محترم نائب صدر صاحب نے احباب کو سوالات کی دعوت دی۔ دوستوں کے سوالات کے جوابات محترم نائب صدر صاحب نے مختصر مگر نہایت جامع طور پر دیئے۔

اس کے بعد وقفہ برائے طعام ہوا۔

تیسرا اجلاس

اس اجتماع کا تیسرا اجلاس رات ۹ بجے زیرِ صدارت مسٹر الحاج اے۔ آر۔ لوصیری چیئرمین برائے اباداں سرکٹ شروع ہوا۔

مجلسِ شوریٰ

سب سے پہلا پروگرام انصاراللہ کی مجلسِ شوریٰ تھا۔ ملک کی جماعتوں کے نمائندگان نے اپنے اپنے مسائل بیان کئے اور بذریعہ باہمی مشورہ اور بذریعہ ہدایات محترم نائب صدر صاحب ان کا حل تلاش کیا گیا۔ نیز آئندہ سال کا لائحہ عمل تیار کیا گیا۔

تقریری مقابلے

مجلس شوریٰ کے بعد تقریری مقابلہ شروع ہوا۔ تقاریر کے عناوین قبل ازیں شائع ہو چکے تھے۔ ہر مقرر کو پانچ منٹ کا وقت دیا گیا۔ جو حسبِ ذیل تھے۔

۱۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت خاتم النبیین۔

۲۔ قرونِ اولیٰ کے مسلمان اور ان کی قربانیاں

۳۔ اس تقریری مقابلہ میں بھی انصار بزرگوں نے بہت بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اور مقررین حضرات کی تعداد پندرہ سے بھی تجاوز کر گئی۔ ہر مقرر نے خوب جوش اور ولولہ کے ساتھ تقریر کی۔ منصفین کے فیصلے کے مطابق۔

الحاجی اونا ہارو — اوّل

الحاجی اولولیڈے — دوم

مسٹر بیلو — سوم قرار پائے۔

تقریری مقابلہ اور اس کے نتیجہ کے اعلان کے بعد محترم نائب صدر صاحب نے دوسرے روز کے پروگرام کا اعلان کیا اور دوستوں کو مکمل طور پر اس سے فائدہ اٹھانے کی تلقین کی۔

اس طرح پہلے روز کا آخری اجلاس رات گیارہ بجے کے بعد ختم ہوا۔ اور دوست اپنی اپنی قیام گاہوں میں شب بسری کے لئے تشریف لے گئے۔

دوسرا روز — پہلا اجلاس

آٹھویں سالانہ اجتماع انصاراللہ کے دوسرے روز کا آغاز نمازِ تہجد کی باجماعت ادائیگی سے ہوا جو الفا اے۔ آر۔ اے اولووا صاحب (Alfa A-R-A-OLUWA) نے پڑھائی۔ نماز تہجد کے بعد نمازِ فجر الفا یحیٰ صاحب ازازاریہ نے پڑھائی اور بعدہٗ درس القرآن دیا بعد ازاں مسٹر اے۔ ڈبلیو۔ آئینہ از لیگوس (MR. A.W. Aina) کی زیرِ قیادت انصار نے اجتماعی ورزش کی جس کے بعد ناشتہ کے لئے وقفہ دیا گیا۔

دوسرا اجلاس

اس مبارک اجتماع کے دوسرے روز کا دوسرا اجلاس جماعت احمدیہ نائیجیریا کے نیشنل پریذیڈنٹ مکرم الحاجی اے۔ اے ابیولا صاحب کی زیرِ صدارت پونے نو بجے تلاوت قرآن پاک سے شروع ہوا۔ جو مکرم چوہدری ظفر احمد صاحب مرکز نے کی۔

عیسائیت کے گڑھ میں دینِ حق کا چراغ

تلاوتِ قرآن کریم کے بعد اموسیٹے IMO SATE کے دارالحکومت اویری (OWERI) مشن کی طرف سے شامل ہونے والے نمائندگان میں سے ایک دوست مسٹر الیاس نے مختصر تقریر کی۔ انہوں نے بتایا کہ چند سال قبل تک اس پوری سٹیٹ میں کوئی فرد دینِ حق کے نام سے بھی واقف نہ تھا۔ پھر جماعت احمدیہ نے اپنے نہایت مستعد تبلیغی نظام کے تحت وہاں مبلغ بھجوائے جن کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں دینِ حق کے نور سے روشنی عطا فرمائی۔ اور آج اپنے علاقہ میں فخر سے سر بلند کر سکتے ہیں۔ جماعت نے کئی پراجیکٹ یہاں شروع کر رکھے ہیں۔ ایک مشن ہاؤس اور دو مساجد تعمیر ہو چکی ہیں اور ایک مسجد زیر تعمیر ہے اور حال ہی میں سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی عنایت سے ایک میڈیکل سنٹر بھی قائم ہو چکا ہے۔ اور لوگوں کو پتہ لگنا شروع ہو گیا ہے کہ جماعتِ احمدیہ ایک فعال جماعت ہے۔

آخری تقریر میں مسٹر الیاس نے اس قوی امید کا اظہار کیا کہ انشاء اللہ ہم پُر امید ہیں کہ مستقبل قریب میں خدا تعالیٰ لوگوں کو گروہ در گروہ احمدیت میں داخل فرمائے گا۔

معمر حضرات کیلئے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ:-

مذکورہ بالا تقریر کے بعد الارو جماعت کے ایک یا علم دوست الفا ایم۔ اے۔ سلیمان صاحب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ برائے معمر حضرات کے موضوع پر نہایت دلچسپ انداز میں تقریر کی چونکہ آپ کی تقریر مقامی زبان میں اور معلومات سے پُر تھی اس لئے دوستوں نے اس کو بہت پسند کیا۔ آپ نے بتایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ تھا کہ دنیا میں اپنا ظل اور ایک کامل انسان مبعوث فرمائے۔ جو ہر طبقہ کے لئے اسوۂ حسنہ ہو۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جہاں بچوں، جوانوں، غریبوں، امیروں یتیموں، حاکموں، محکوموں، فاتحین اور مفتوحین کے لئے نمونہ ہیں وہاں آپ بوڑھوں کے لئے بھی ایک نمونہ ہیں۔ آپ نے مثالیں اور واقعات سنا کر بتایا کہ کس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بڑھاپے کی عمر میں بھی خدا تعالیٰ کی عبادت میں مصروف رہتے تھے۔ کس طرح لوگوں کا بوجھ اٹھاتے تھے اور جنگوں میں حصہ لیتے تھے۔

مکرم الفا سلیمان صاحب کی تقریر کے بعد ناظم اعلیٰ صاحب انصاراللہ نائیجیریا نے آئندہ سال کا پروگرام دوستوں کو بتایا۔ دوستوں سے آپ نے اپیل کی کہ وہ باقاعدگی سے مرکز میں رپورٹس ارسال کرتے رہا کریں تاکہ کام سے اطلاع ہوتی رہے اور مجالس کی راہنمائی کی جاتی رہا کرے۔

آخری اجلاس

جیسا کہ ابتدائیہ میں خاکسار نے رقم کیا ہے کہ محترم امیر صاحب نے گزشتہ سال ایبے کوٹا جماعت کو قطعۂ ارض برائے مسجد خرید کرنے کا چیلنج دیا تھا جسکو جماعتِ ہذا نے قبول کیا اور پھر پورا کیا اب مسئلہ تھا اس مقام پر خانۂ خدا کی تعمیر کا۔ مگر مقامی جماعت کے وسائل بالکل مفقود تھے۔ یہ جماعت قربانیاں کرنے والی تو بے شک ہے۔ مگر تعداد کی کمی کی وجہ سے مالی مشکلات ضرور درپیش تھیں۔ لہٰذا با اجازت محترم نائب صدر صاحب اس کے لئے اجتماع کے آخری دن ایک علیحدہ مستقل اجلاس (سیشن) کے انعقاد کا پروگرام رکھا گیا تھا۔ چنانچہ اس اجتماع کا یہ آخری اجلاس بھی تلاوتِ قرآنِ پاک سے شروع ہوا۔

تلاوتِ قرآن کریم کی سعادت خاکسار کو نصیب ہوئی۔ جس کے بعد مکرم الفا سلیمان صاحب نے معزز مہمانوں سے صدرِ جلسہ اور مہمانِ خصوصی محترم مولانا محمد اجمل صاحب شاہد۔ امیر و مشنری انچارج و نائب صدر مجلس انصاراللہ کا تعارف کروایا۔ بعد از تعارف الحاج آر۔ اے بوصیری صاحب نے اس اجلاس کی اہمیت بیان کرتے ہوئے بتایا کہ یہ اجلاس ایبے کوٹا، دارالحکومت سٹیٹ ہذا میں ماڈرن طرز کی عظیم مسجد کی تعمیر کے فنڈز جمع کرنے کے لئے مخصوص ہے۔ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا امت سے وعدہ ہے۔

من بنیٰ للہ مسجداً بنیٰ اللہ لہٗ بیتاً فی الجنۃ

اس لئے میں احبابِ جماعت سے اپیل کرتا ہوں کہ دوست دل کھول کر خانۂ خدا کی تعمیر کے لئے چندہ دیں۔

فاستبقوا الخیرات کا عملی نمونہ

قارئین کرام! قربانیاں الٰہی جماعتوں کی ہمیشہ ہی طرۂ امتیاز رہی ہیں۔ اور یہی قربانیاں زندہ جماعتوں کی زندگی کی علامات ہوتی ہیں۔ مگر جو قربانیاں سیدِ ولدِ آدم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے کیں وہ بے مثال ہیں۔ تواریخِ عالم کے اوراق ایسی نظیر پیش کرنے سے

یکسر قاصر ہیں۔ تن من، دھن قربان کرکے بھی یہی سمجھا کہ کچھ نہ کرسکے۔ مزید کرنے کی حسرت ہمیشہ دلوں میں رہی۔ فاستبقوا الخیرات کے تحت نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی دوڑ لگی رہی۔ خدا تعالیٰ کی راہ میں جانیں قربان کرکے نعرہ لگایا "فزتُ بربّ الکعبۃ" کہ خدا کی قسم! در مقصود مل گیا۔ انتہائے منزل پالی گئی۔ گھر کا سارا اثاثہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک قدموں میں ڈھیر کرکے تمنا رہی کہ کاش کچھ مزید ہوتا تو آج وہ بھی راہِ خدا میں قربان کردیا جاتا۔

یہ درست ہے کہ صحابہ کرام کی اپنی ہی شان تھی۔ خدا تعالیٰ نے ان صحابہؓ کو سندِ خوشنودی سے یوں سرفراز فرمایا کہ "رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ"۔ مگر اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ خدائے قادر و توانا نے فرمایا۔

"وآخرین منھم لما یلحقوا بھم"

کہ صحابہؓ کے نقشِ قدم پر چل کر انہی میں ہی شمار ہونے والا ایک گروہ اور بھی ہے جو آخری زمانہ میں ظاہر ہوگا۔ اور



تعمیر مسجد کے چندہ کی اپیل کے لئے ابھی تقریر جاری ہی تھی کہ احبابِ کرام قربانیاں پیش کرنے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے۔ سب سے پہلے صاحبِ صدر نے چیک کاٹا اور دوسروں کے لئے ایک مثال قائم کی۔ اناؤنسر نے اعلان کیا کہ صدر جلسہ نے اپنے چندہ کا چیک عطا کیا ہے۔

احبابِ کرام! یہ معمولی رقم نہ تھی۔ یہ دو ہزار پانچ صد نائیرہ کی خطیر رقم تھی ایبے کوٹا کی جماعت جب یہ سوچ رہی تھی کہ اگر دو، اڑھائی ہزار نائیرہ کی رقم آج جمع ہو جائے تو ہم مسجد کا کام شروع کرنے کے قابل ہو جائیں گے تو اس وقت آسمان کا مالک خدا غالباً مسکرا رہا ہوگا۔ جب اس معطی کی رقم کا اعلان کیا گیا تو فضا یکدم نعرۂ تکبیر سے گونج اٹھی۔ دل خدا تعالیٰ کی حمد سے بھر گئے۔ کئی دل رقت پکڑ گئے۔ مجمع پر عجیب کیفیت طاری ہوگئی۔ اپیل کرنے والے دوست کی آواز دب کر رہ گئی۔ وہ تقریر ختم کرنے پر مجبور ہوگئے۔ یہ رقم پاکستانی کرنسی کے مطابق چالیس ہزار روپے کی خطیر رقم بنتی ہے۔ پھر کیا تھا۔ آنکھوں نے عجیب منظر دیکھا۔ لوگ سٹیج پر لوٹے پڑ رہے تھے۔ واقعۃً دوڑ رہے تھے۔ مالِ غنیمت اٹھانے کے لئے نہیں بلکہ راہِ خدا میں قربانیاں پیش کرنے کے لئے۔ اور چند منٹوں میں احبابِ جماعت نے ۹۷۵۸ نائیرہ کی رقم جمع کر دی۔ خاکسار نے میزان کرکے فوری طور پر اناؤنسر کر دیا۔ اناؤنسر نے اعلان کیا کہ اگر دوست ۲۴۲ نائیرہ کی مزید قربانیاں دیں تو کل رقم کا اعلان تب کروں گا۔ (ان کا خیال تھا کہ اگر یہ رقم مزید آجائے تو وہ دوستوں کو خوشخبری سنائیں گے کہ انہوں نے دس ہزار نائیرہ کی قربانی پیش کی ہے) بہرحال ان کے اعلان کے ساتھ ہی ایک دوست نے کھڑے ہو کر یہ اعلان کیا کہ یہ رقم میں ابھی کیش میں دے دیتا ہوں۔ یہ کہہ کر وہ صاحب کار میں سے رقم لینے کے لئے گئے مگر فاستبقوا الخیرات میں حصہ لینے والے یہ مستانے کب اپنے بھائی سے پیچھے رہنے والے تھے۔ ۔ ۔

- جلسہ کے منتظمین سے تعاون کا خاص خیال رکھیں جو آپ کی سہولت اور آرام کے لیے شب و روز کوشاں ہوں گے۔
- جلسہ کے اوقات میں اپنا وقت جلسہ گاہ میں گزاریں۔ تقاریر کے دوران بازار اور دکانوں میں نہ بیٹھیں۔
- امور عامہ کا دفتر جلسہ کے دوران بھی کھلا رہتا ہے اس لیے دوست ضرورت کے وقت دفتر تشریف لا سکتے ہیں۔
- کوئی دوست اپنے ہمراہ اپنا اسلحہ نہ لاویں۔

(ناظر امور عامہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے احباب سے ضروری گذارشات

خدا تعالیٰ کے فضل سے ہمارا جلسہ سالانہ جس کی بنیاد اعلائے کلمۂ حق پر رکھی گئی ہے ۲۶ - ۲۷ - ۲۸ فتح (دسمبر) کو منعقد ہوگا۔ یہاں پہنچ کر آپ اس عظیم الشان نشان کو بچشم خود مشاہدہ کریں گے۔ جس کی بابت خدا تعالیٰ نے حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ کو الہاماً بتایا تھا

يَأْتُونَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ وَ يَأْتِيكَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ

اس موقع پر انشاء اللہ تعالیٰ اکنافِ عالم سے لاکھوں کی تعداد میں طیورِ احمدیت اپنے پیارے امام کی آواز پر جمع ہوں گے۔ اس روحانی اجتماع کی برکات سے پورے طور پر متمتع ہونے کیلئے بطور یاد دہانی چند گذارشات احباب جماعت کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

۱۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے درج ذیل ارشاد کو ہر وقت ذہن میں رکھیں اور اس پر عمل پیرا رہیں۔ حضور فرماتے ہیں:۔

"جلسہ سالانہ کے دوران آپ نے شور نہیں کرنا۔ آواز سے نہیں کہنا۔ جو راستے مقرر ہیں اُن پر چلنا ہے۔ نظریں نیچی رکھنی ہیں، زبانوں سے شہد ٹپکانا ہے چہروں سے غصہ ظاہر نہیں کرنا۔ خدا کے حضور ہر وقت عاجزی سے جھکے رہنا ہے اللہ پر کامل توکل کا سبق سیکھنا ہے اور حضرت .....(اقدس) نے جماعت سے جو توقعات وابستہ کی ہیں ان کے مطابق زندگی گذارنا ہے"

۲۔ آپ سے گذارش ہے کہ مع اہل و عیال جلسہ سالانہ میں شرکت فرمائیں تا آپ ان دعاؤں کے وارث بنیں جو حضرت اقدس نے جلسہ پر آنیوالوں کے لئے کی ہیں۔ نیز آپ کو امام کے روح پرور کلمات سن کر اپنے ایمان اور عرفان میں ترقی نصیب ہو۔

۳۔ امراء و مربیان اور صدر صاحبان حتی الوسع ایسے افراد کو ربوہ لانے کی کوشش کریں جنہوں نے مالی تنگی کے باعث تاحال ربوہ نہیں دیکھا۔

۴۔ اپنے سفر کا آغاز دعاؤں سے کریں۔ دورانِ سفر بھی دعائیں کرتے رہیں اور جلسہ کے ایام میں عجز و انکسار سے بالالتزام دعائیں کرنا نہ بھولیں۔ ان بابرکت ایام کو غنیمت سمجھیں۔

۵۔ آپ کا لباس بے شک سادہ ہو لیکن صاف ستھرا ہونا چاہیئے۔ اسلامی پردہ کی پوری پوری پابندی کی جائے۔ اسلام مردوں اور عورتوں کو اپنی نگاہیں نیچی رکھنے کی ہدایت فرماتا ہے۔ اور عورتوں کے لئے چہرہ چھپانا پردہ میں شامل ہے۔ خواتین کو خرید و فروخت کیلئے بازار میں جانے سے حتی الوسع اجتناب کرنا چاہیئے۔ ضروریات کے لئے مردوں کو بھجوائیں

۶۔ مرکز سلسلہ میں ہم کسی کھیل یا تماشہ کے لئے جمع نہیں ہوتے بلکہ اپنی دینی معلومات بڑھانے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کو بلند کرنے کیلئے جمع ہوتے ہیں اس لئے ذکر الٰہی کے آداب کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے ہمیں چاہیئے کہ ہم جلسہ گاہ میں مقررہ وقت پر پہنچیں۔ بلا وجہ اور بلا سبب جلسہ گاہ سے باہر کھڑے رہنا یا جلسہ گاہ سے اُٹھ کر چلے جانا یا ادھر اُدھر کی باتوں میں لگے رہنا ہرگز درست نہیں۔ ہمیں ہر تقریر پوری توجہ سے سننی چاہیئے تا کہ ہماری معلومات اور ہماری معرفت میں ترقی ہو اور جلسہ میں شمولیت کی غرض پوری ہو۔

۷۔ ربوہ میں قیام کے دوران سب سے بہتر یہ ہے کہ آپ تمام نمازیں امام کی اقتداء میں ادا کریں۔ تاہم اگر کسی مجبوری کے باعث ایسا نہ کر سکیں تو اپنی جائے قیام سے قریب مسجد میں نماز باجماعت ادا کریں۔ ان ایام میں مسجد مبارک میں بھی نماز تہجد کا انتظام ہوتا ہے اور بعد از نماز فجر علماء سلسلہ قرآن کریم کا درس دیتے ہیں۔ اس میں شرکت کی کوشش فرمائیں۔

۸۔ ربوہ میں آتے جاتے اسلامی آداب کے ماتحت ایکدوسرے کو السلام علیکم کہا کریں۔ نیز مردوں اور عورتوں کی آمد و رفت کے لئے جو ہدایات جاری ہوں ان کی پوری پابندی کریں۔

۹۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر جو احمدی تجارتی ادارے اشتہارات شائع کرتے ہیں یا اپنے ہوٹلوں کے نام رکھتے ہیں۔ ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے اشتہارات کی عبارت اور ہوٹلوں کے ناموں کے بارے میں نظارت اصلاح وارشاد سے پہلے مشورہ کریں۔

۱۰۔ غیر از جماعت دوستوں کو دینی معلومات بہم پہنچانے کے لئے۔ نظارت اصلاح وارشاد کی طرف رجوع کریں۔ ان ایام میں مربیان سلسلہ بھی قیام گاہوں کا دورہ کریں گے۔ اُن سے بھی دینی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ مربیان کرام وقف عارضی کے فارم پُر کروائیں گے اُن سے تعاون فرمائیں۔

۱۱۔ جلسہ گاہ کے قریب کاروں کے کھڑا کرنے کا محدود انتظام کیا جاتا ہے۔ تاہم بہتر ہے کہ اگر کوئی عذر نہ ہو تو جلسہ گاہ میں پیدل تشریف لائیں تا راستہ چلنے والے بھائیوں کو سہولت رہے ربوہ میں کاریں آہستہ چلائیں تا کہ گرد و غبار اُڑ کر دوستوں کے لئے تکلیف کا موجب نہ بنے۔

۱۲۔ بازاروں میں چلتے پھرتے کھانا سخت معیوب امر ہے حضور نے اسے ناپسند فرمایا ہے احباب اس سے اجتناب کریں۔

۱۳۔ جلسہ گاہ کے قریب احباب کی سہولت کے لئے مندرجہ ذیل اداروں کے خیمہ جات نصب ہوں گے

۱۔ تحریک جدید ۲۔ اخبار الفضل ۳۔ مجلس انصار اللہ ۴۔ مجلس خدام الاحمدیہ
۵۔ وقف عارضی ۶۔ نظارت اصلاح وارشاد

اشاعت لٹریچر کے دفتر سے ضروری لٹریچر حاصل کیا جا سکتا ہے۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

اہالیانِ ربوہ توجہ فرمائیں

"ربوہ میں ایک مہمان کو اگر ایک کانٹا بھی چبھ جائے تو ہمارے لئے دکھ اور شرم کی بات ہوگی"

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات کی روشنی میں آپ سے التماس ہے کہ!

- اپنے اپنے گھروں اور ان کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔
- گلیوں اور راستوں پر کوڑا کرکٹ پھینکنے کی بجائے مناسب جگہ پر گڑھا کھود کر دبا دیں۔
- گھروں کے سامنے کی نالیوں کی صفائی کی جائے۔ اور گندے پانی کے نکاس کا انتظام کیا جائے۔
- خودرو اور فالتو جھاڑیاں اور ان کی زائد شاخوں کی کانٹ چھانٹ کی جائے۔
- دکانوں، کھوکے والے اور ریڑھیوں والے اپنی دکانوں کے ساتھ ڈرم وغیرہ رکھیں تا کہ جو شخص کوئی چیز کھائے تو اس کا چھلکا سڑک پر نہ پھینکے۔
- راستوں، نالیوں، پلیوں اور گڑھوں وغیرہ کی صفائی، درستگی اور چھڑکاؤ کا باقاعدہ انتظام کیا جائے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات پر کماحقہ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے تا آپ کے ارشاد کے مطابق ربوہ فی الحقیقت ایک

"غریب دُلہن"

کی طرح سج جائے۔

(مہتمم وقار عمل مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

ربوہ کے ماحول کو پاک صاف رکھیں

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام قریب تر آ رہے ہیں۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی کے مطابق ربوہ کے ماحول کو ہر لحاظ سے پاک رکھنا ہمارا اہم فریضہ ہے۔

اس سلسلہ میں تمام منتظمین اطفال ربوہ سے گذارش ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ جات میں زیادہ سے زیادہ وقار عمل منائیں اور ربوہ کے ماحول کو پاک و صاف رکھیں۔

(سیکرٹری وقار عمل مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

ضروری اعلان برائے کارکنات جلسہ گاہ

جلسہ گاہ میں کام کرنے والی تمام کارکنات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کی پہلی حاضری ۲۳ دسمبر شام ۳ بجے جلسہ گاہ میں ہوگی اور دوسری حاضری ۲۵ دسمبر صبح ۱۰ بجے جلسہ گاہ میں ہی ہوگی ۲۵ دسمبر کو ہر کارکن اپنا بیج لگا کر اپنی ڈیوٹی کی جگہ پر کھڑی ہو کیونکہ حضرت سیدہ صدر صاحبہ لجنہ مرکزیہ انتظامات کا معائنہ فرمائیں گی اور متعین کارکنات کو ضروری ہدایات دیں گی۔ بیرون ربوہ کی تمام کارکنات بھی ۲۵ دسمبر کی صبح تک ربوہ پہنچ کر اپنے کام سے متعلق ہدایات حاصل کر لیں۔

ربوہ کی اگر کوئی منتظمہ، نائبہ اور معاونہ ان دونوں حاضریوں میں سے کسی ایک میں بھی غیر حاضر ہوئی تو اسے ڈیوٹی سے برطرف کر کے نئی کارکنات کو مقرر کر دیا جائے گا۔ (منتظمہ جلسہ گاہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہر احمدی بچہ تعلیم حاصل کرے

پیارے امام کا یہ ارشاد ہمیشہ پیش نظر رکھیں اور اس امر کی نگرانی کریں کہ ہر احمدی بچے نے کم از کم میٹرک تک لازمی تعلیم حاصل کرنی ہے۔

(مہتمم امور طلباء مجلس خدام الاحمدیہ)

ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میرے بیٹے عزیزم محمد ادریس صوفی کو ۱۲/۸۱ ۸ کو پہلی بچی عطا فرمائی ہے۔ یہ بچی میری پہلی پوتی اور مکرم چوہدری حفیظ احمد صاحب طاہر گورنمنٹ آرکیٹیکٹ پشاور کی پہلی نواسی ہے زچہ اور بچہ بفضل اللہ تعالیٰ بخیریت ہیں۔ احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس بچی کی ولادت ہر لحاظ سے بابرکت کرے۔ آمین۔ (صوفی محمد اسحاق۔ استاد جامعہ احمدیہ ربوہ)

زکوٰۃ کی رقوم

جملہ سیکرٹریان مال جماعت ہائے احمدیہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ زکوٰۃ کی رقوم بھجواتے وقت ساتھ ہی اسم وار تفصیل بھی بھجوا دیا کریں کہ مرسلہ رقم میں فلاں فلاں احباب و خواتین کی اتنی اتنی زکوٰۃ شامل ہے تاکہ متعلقہ کھاتوں میں بروقت اندراج کیا جا سکے۔

(ناظر بیت المال آمد۔ ربوہ)

مجالس اطفال الاحمدیہ کیلئے یاد رکھنے کی باتیں

- ہر جگہ جہاں تین یا اس سے زیادہ احمدی بچے موجود ہوں مجلس اطفال الاحمدیہ قائم ہونی ضروری ہے۔
- ہر مجلس میں ناظم اطفال اور مربی اطفال کا تقرر ضروری ہے۔
- ہر ماہ کم از کم دو اجلاس عاملہ اور دو اجلاس عام منعقد کرنے ضروری ہیں۔
- ہر مجلس کو چاہیئے کہ اپنی ماہوار رپورٹ مقررہ فارم پر مرکز میں دس تاریخ سے پہلے بھجوائے۔ (سیکرٹری عمومی مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

دعائے مغفرت

- خاکسار کی اہلیہ اوّل اقبال بیگم صاحبہ مرحومہ کے والد صاحب مکرم قریشی محمد صادق صاحب، مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۹۸۱ء کو بمقام لاہور اپنے لڑکے مکرم قریشی محمد یونس صاحب انجنیئر کے مکان واقعہ ملتان روڈ لاہور میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کا جنازہ ربوہ لایا گیا۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ نے از راہ شفقت نماز عشاء کے بعد جنازہ پڑھایا اور موصی ہونے کے لحاظ سے مرحوم نے بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کی سعادت پائی۔ تدفین کے بعد خاکسار نے دعا کرائی۔ احباب مرحوم کی بلندیٔ درجات کے لیے دعا فرماویں۔

(خاکسار محمد اسمٰعیل دیالگڑھی ربوہ)

- خاکسار کے پھوپھا جان محترم المعروف قاضی سید علی خاں ولد اسد علی خاں مرحوم دکاندار (سابق ساکن اودے پور کٹیا ضلع شاہجہان پور۔ یو۔ پی۔ انڈیا) حال احمد نگر نزد ربوہ اچھے بھلے کام کرتے ہوئے ۵ دسمبر کو ½ ۱۱ بجے دن اچانک حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون آپ کی عمر ۷۳ سال تھی مگر صحت بہت اچھی تھی۔ بہت مخلص اور باوجود کم تعلیم کے پھر بھی تبلیغ احمدیت کا اپنے رنگ میں بڑا جوش رکھتے تھے، حضور اقدس اور المصلح الموعود کی اکثر نظموں کا ہندی زبان میں ترجمہ کیا ہوا تھا۔ مسجد احمدیہ احمد نگر میں بھی کئی دفعہ صبح کو لاؤڈ سپیکر پر سریلی آواز میں پڑھا کرتے تھے۔

مرحوم خان الطاف حسین خاں مرحوم شاہجہاں پوری (یو۔پی کے) بہنوئی تھے۔ مرحوم کی ایک ہی بچی ہے جو شادی شدہ اور بھارت میں ہی مقیم ہے۔ مرحوم کا جنازہ پہلے احمد نگر میں اور پھر ربوہ میں مسجد مہدی گولبازار میں بعد نماز مغرب مکرم قریشی فضل حق صاحب نے پڑھایا۔ بعد میں مرحوم کو عام قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ مولا کریم مرحوم کو اپنے قرب و جوار میں جگہ دے نیز لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(شجاعت حسین خاں (شاہجہان پوری) احمد نگر)

- میرے ایک عزیز دوست اور احمدی بھائی صوبیدار عبدالغنی صاحب آف کوٹیاں ضلع گجرات ۲۵ نومبر کو صبح وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نہایت مخلص اور احمدیت کے شیدائی تھے۔ ہر فرد کی ہر رنگ میں مدد کرنے کے لیے ہر وقت تیار رہتے تھے بڑے ہی ہمدرد اور پُرخلوص انسان تھے۔ دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ (صوبیدار عبدالرزاق خان ورد مغربی محلہ کالا گوجراں۔ جہلم)

درخواستِ دعا

- میری بھانجی عزیزہ منزہ نصرت پانچ سال کی ہو گئی ہے۔ لیکن ابھی تک بولنا شروع نہیں کیا ڈاکٹروں نے اعصابی کمزوری بتائی ہے احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ منزہ نصرت کو جلد بولنا سکھا دے اور خادم دین بنائے۔ آمین۔

نیز میری والدہ محترمہ بھی جوڑوں کے دردوں کی وجہ سے بیمار رہتی ہے احباب ان کی کامل و عاجل شفایابی کے لیے دعا فرمائیں۔ (بلغیٰ ظہیر ۲۷/۱ دارالبرکات ربوہ)

- میرے والد محترم حکیم غوث محمد صاحب تقریباً چار ماہ سے بیمار چلے آ رہے ہیں۔ پیشاب کا عارضہ اور جسم پر ورم ہے کمزوری اور نقاہت بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ احباب جماعت بزرگان سلسلہ اور افراد خاندان حضرت اقدس کی خدمت میں عاجزانہ درخواست ہے کہ ان کی کامل شفایابی کے لیے دعا فرمائیں۔ طالب دعا

منظور احمد ظفر سکول ٹیچر ساکن چھنی متصل (ربوہ)

- میری بھانجی عزیزہ طلعت مجید بنت ڈاکٹر مجید اللہ آف شاہ تاج شوگر ملز منڈی بہاؤ الدین حال سمبڑیال کے گلے کا آپریشن ۲۲ دسمبر فیصل آباد میں ہو رہا ہے اور اس نے امسال میٹرک کا امتحان بھی دینا ہے۔ جملہ احباب سے عزیزہ کی کامل و عاجل صحت یابی کے لیے دعا کی درخواست ہے۔

(فوزیہ بٹ بنت خواجہ محمد امین صاحب سمبڑیال)

- خاکسار کو عرصہ سے گردہ میں درد اور پتھری ہے اپریشن تجویز ہو چکا ہے مگر جلسہ کے بعد انشاء اللہ اپریشن ہوگا۔ احباب دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ اس مرحلہ سے خیریت سے گزار دے اور صحت والی زندگی عطا فرمائے۔ آمین۔ منور احمد نیشنل آٹو

(نمائندہ الفضل ضلع سانگھڑ و نواب شاہ)

- محترم بزرگوارم چوہدری غلام محمد صاحب چیمہ امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع خیرپور انصار اللہ کے اجتماع ربوہ سے واپسی آنے کے بعد علیل چلے آ رہے ہیں۔ بیماری اور پیرانہ سالی کی بدولت کمزوری بھی بڑھ گئی ہے۔ احباب جماعت ان کی کامل صحت یابی کے لیے مخلصانہ دعائیں جاری رکھیں۔ مولا کریم انہیں مقبول خدمت دین کی توفیق دے۔

(احمد حسین باجوہ ڈویژنل انسپکٹر ریلوے ملتان)

- خاکسار بعض پریشانیوں میں مبتلا ہے احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ مجھے ان سے جلد نجات بخشے۔ آمین۔ (منتری) محمد حسین دیال گڑھی رحمت بازار ربوہ)

- میری والدہ نصرت خانم بیوہ آغا محمد عبداللہ خان کا مورخہ ۱۷/۱۲/۸۱ کو امریکہ میں گلے کا اپریشن ہوا ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے۔

(نعیم احمد خان فرحت لاج ۲۳/۱ دارالعلوم غربی ربوہ)

اعلان برائے ٹکٹ سٹیج و حلقہ خاص

ٹکٹ حلقہ خاص و سٹیج کے لئے جن بہنوں کی درخواستیں ۱۵ دسمبر سے پہلے موصول ہوئی تھیں انہیں ان کے لکھے ہوئے پتوں پر ٹکٹ رجسٹری کر کے بھجوا دیئے گئے ہیں۔ اب اس کے علاوہ جو درخواستیں موصول ہو رہی ہیں انہیں ٹکٹ بذریعہ ڈاک نہیں بھجوائے جا رہے۔ جن بہنوں نے سٹیج کے ٹکٹ کی درخواستیں دی ہیں وہ صاحبزادی امۃ الرؤوف صاحبہ بیگم سید میر مسعود احمد صاحب کے گھر سے حاصل کر لیں۔ اور حلقہ خاص کے ٹکٹ کی خواہش مند سیدہ محترمہ مہر آپا صاحبہ کے گھر سے لیں۔ لیکن جلسہ گاہ میں کسی کو ٹکٹ نہیں دیا جائے گا۔ وقفوں کے دوران گھروں سے جا کر ٹکٹ لیں۔

(جنرل سیکرٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ۔ ربوہ)

- - - - - - - - - - - -

تبدیل شدہ چادر

ایک چادر اجتماع انصار اللہ ۱۹۸۱ء کے دوسرے روز چوہدری رشید احمد صاحب چک نمبر ۸۷ کی چادر سے تبدیل ہو گئی تھی، مکرم چوہدری صاحب کو اپنی چادر مل چکی ہے دوسری چادر جس دوست کی ہو نشانی بتا کر خاکسار سے حاصل کر لیں۔ (کارکن محمد اکرم دفتر بہشتی مقبرہ کوارٹر نمبر ۲ صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

"ہزاروں درود اور سلام اور رحمتیں اور برکتیں اُس پاک نبی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوں جس کے ذریعہ سے ہم نے وہ زندہ خدا پایا۔"
(نسیم دعوت ص۱)

باڈی بلڈنگ کورس
BODY BUILDING COURSE

APPETIZER	10 CAPS.	بھوک اور ہاضمہ کے لئے
BLOOD TONIC	180 TABS	افزائش خون کے لئے
BONE TONIC	180 TABS	ہڈیوں کی نشوونما کے لئے

قیمت ایک ماہ کورس ۳۰/- روپے۔ ڈاک خرچ ۵/-

کیور میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ پاکستان لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس ربوہ
فون ۶۰۶/۶۰۷

ایور شائن

ایور شائن ڈینٹل پوڈر جو نہ صرف دانتوں کی صفائی میں لاثانی ہے بلکہ پائیوریا اور دیگر امراض دنداں کو جڑ سے اکھاڑ کر مسوڑھوں کی تعمیر نو اور صحت مند بنانے میں بھی پوری صلاحیت رکھتا ہے جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر ہر جنرل سٹور سے دستیاب ہے۔ نیز ایجنٹ حضرات جو مال کی سپلائی میں تجربہ رکھتے ہوں درکار ہیں۔

دوران جلسہ سالانہ ایور شائن کے سٹال پر بالمشافہ ملیں۔ منجانب

ہیرنگ فارماسوٹیکل کمپنی رجسٹرڈ پاکستان
قیصر ہسپتال پوسٹ بکس ۱۶۵۰ لاہور

مومن اسٹیٹس
گولبازار ربوہ

ربوہ کے محلہ جات اور مضافاتی کالونیوں میں نہایت باموقعہ پلاٹس اور زرعی زرخیز اراضی قابل فروخت ہے۔ خواہش مند احباب ہم سے رابطہ قائم کریں ہماری کارکردگی آپ کے لئے باعث اطمینان اور آپ کا تعاون ہمارے لئے باعث فخر ہوگا

خواجہ عبد المومن

پروپرائٹر۔ مومن اسٹیٹس فون ۵۱۷
نزد چوک مسجد مہدی گولبازار ربوہ۔

ہر قسم کا سامان سائنس و اجبی نرخوں پر خریدنے کے لئے

الائیڈ سائنٹیفک سٹور
فون ۶۴۵۰۰

گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیئے!

ایک احمدی عورت جس کی عمر ۴۰ سال تک یا اس سے زائد ہو۔ اور بچے سنبھالنے اور گھر کے کام میں ہاتھ بٹانے کے قابل ہو اور شکاگو (امریکہ) میں رہائش کیلئے تیار ہو۔ تنخواہ مناسب دی جائے گی اور کرایہ وغیرہ کا انتظام بھی ہمارا ہوگا۔ جلسہ کے دنوں میں اگر ملاقات کی خواہشمند ہو تو گوندل کوالٹی سٹور گولبازار ربوہ میں بیگم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب سے رابطہ قائم رکھیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جا سکتی ہے:۔

بیگم ڈاکٹر بشیر احمد ۲۷/A سید جمال الدین افغانی روڈ
یونیورسٹی ٹاؤن
پشاور

جلسہ کے ایام میں
دواخانہ حکیم نظام جان
ٹائم سینٹر (بالمقابل ایوانِ محمود) میں ہوگا

حکیم انوار احمد جان
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
فون ۷۳۹۹۷ پوسٹ بکس نمبر ۲۲۲

ہر قسم کا
کاغذ، بکس بورڈ (اور) گتہ

بارعایت خریدنے کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں اور دعا فرمائیں

مقبول پیپر مارٹ گنپت روڈ لاہور فون ۶۳۸۴۹
گھر۔ ملک عبد اللطیف سکوہی فون ۶۲۵۱۶

ہر قسم کی عمارتی لکڑی
دیودار، کیل، چیل، پڑتل کے لئے ہمارے ہاں رجوع فرمائیں
سٹار ٹمبر سٹور
۵۳ فیروزپور روڈ ..... بالمقابل تھانہ اچھرہ ..... لاہور
فون نمبر ۴۱۰۶۱۷

جدید فیشن کیمطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات وغیرہ کیلئے
نیو پاک جیولرز
۱۱۱۔ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور
پروپرائٹر
رہائش
فون ۴۱۰۹۷۴، ۴۱۸۶۴۶، ۴۱۸۶۴۵
میاں عظیم قادر اینڈ سنز

نور کاجل
پھر مارکیٹ میں
ربوہ کا مشہور عالم تحفہ
آنکھوں کی صحت و خوبصورتی کیلئے بہترین سرمہ

خریدتے وقت نور کاجل اور خورشید یونانی دواخانہ ملاحظہ فرمالیں

مینجر:۔ خورشید یونانی دواخانہ (رجسٹرڈ) ربوہ

خوبصورت رہائشی سکیم ملحقہ نیو سیٹلائیٹ ٹاؤن سرگودھا
"الحمرا پارک"
فون ۳۸۵۲

میں چند رہائشی پلاٹس موجود ہیں، احباب فائدہ اٹھائیں

الحمرا اسٹیٹس ۶۹۹۔ اے سیٹلائیٹ ٹاؤن سرگودھا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدیہ بکڈپو سے سلسلہ کا سارا لٹریچر ایک ہی وقت میں خریدا جا سکے گا

کتابوں کو اصل قیمت سے زیادہ قیمت پر بیچنے کے رجحان کو روکنے کے لیے حضور انور ایدہ اللہ کا نہایت تاکیدی ارشاد

دعا کریں اللہ تعالیٰ احمدیہ بکڈپو کو کتابوں کی بہترین دکان سے بھی بہتر بنا دے! (آمین)

خطبہ جمعہ کے موقع پر احمدیہ بکڈپو کے قیام کے سلسلہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات:

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۱۱ کو مسجد اقصیٰ میں خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے احباب جماعت کو خوشخبری دی کہ اس سال ایک نئی چیز یعنی احمدیہ بکڈپو اللہ تعالیٰ کے فضل سے قائم ہو گیا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ اس احمدیہ بکڈپو کا نام "مخزن الکتب العلمیہ" رکھا گیا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ اس میں ہر وہ کتاب فروخت کے لیے رکھی جائے گی جس کی اجازت مصنف یا مدون نے نظارت اصلاح وارشاد سے لے لی ہو اور قانون وقت کے مطابق سنسر کرانے کے بعد شائع کی گئی ہو۔

حضور نے فرمایا کہ ربوہ میں کوئی ایسی کتاب فروخت نہیں ہو گی جس کو اگرچہ اصلاح وارشاد نے پاس کیا ہو اور قانون کے مطابق سنسر کروایا گیا ہو تاہم مخزن الکتب العلمیہ کے مطالبے کے مطابق مطلوبہ تعداد اس کتاب کی انہیں نہ دیدی گئی ہو۔

حضور نے فرمایا کہ اس بکڈپو کے قیام کا مقصد یہ ہے کہ ایسا شخص جس کے پاس زیادہ وقت نہ ہو وہ ایک ہی جگہ یعنی بکڈپو سے ایک ہی وقت میں سب کتابیں خرید سکے۔

حضور انور نے کتابوں کو ان کی اصل قیمت سے زیادہ قیمت پر بیچنے کے امکان کو روکنے کے لیے بھی سختی سے حکم جاری فرمایا۔ حضور نے فرمایا کہ آج کے بعد میں اجازت نہیں دے سکتا کہ کتب فروش جماعت کے احباب کے اخلاص کو ایکسپلائٹ کریں۔ اور کتاب کی قیمت سے زائد قیمت پر کتاب بیچیں۔ حضور نے فرمایا کہ یہ سلسلہ اب بالکل بند ہونا چاہیئے۔ حضور نے فرمایا کہ یہ میری خواہش ہے۔ میری مرضی ہے اور یہ میرا حکم ہے۔

حضور نے ربوہ کے تمام اشاعتی اداروں کو حکم دیا کہ وہ اپنی سب کتابوں سے بکڈپو کو مطلع کریں اور جتنی کتابیں وہ مانگتے ہیں ان کو دیں اور مجھے بھی اطلاع دیں تو ساتھ ہی یہ بھی لکھیں کہ وہ کتاب سنسر بھی کروالی گئی ہے اور نظارت اصلاح وارشاد نے بھی اس کی اجازت دیدی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ ہم نے ساری دنیا کو اخلاق اور قانون کی پابندی سکھانی ہے ہمارے لیے یہ کسی طرح مناسب نہیں کہ ہم کوئی کتاب سنسر کے بغیر شائع کریں۔ ہم حکومت کے رائج کردہ قوانین پر عمل کرتے ہیں۔

کل احمدیہ بکڈپو کا افتتاح ہو رہا ہے

حضور نے بکڈپو کی عمارت کی خوبصورتی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ یہاں خوبصورتی پیدا کی گئی ہے پھول بھی لگائے گئے ہیں حضور نے فرمایا کہ پھول کا کتاب سے گہرا تعلق ہے (حضرت اقدس) کو سورہ فاتحہ گلاب کے پھول کی شکل میں دکھائی گئی تھی۔ حضور نے فرمایا کہ گلاب کے پودے بھی سیڑھیوں کے گملوں میں لگائے جائیں گے۔

حضور نے فرمایا کہ کتاب بیچنا بھی ایک فن ہے۔ حضور نے فرمایا کہ انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس فن میں یورپ کی کتب فروشی کے اعلیٰ ترین معیار سے بھی آگے بڑھنے کی کوشش کریں گے۔ دوست دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے بکڈپو کو دنیا کی بہترین کتابوں کی دکان سے کہیں آگے لیجائے حضور نے فرمایا کہ تاہم اس دفعہ تو پہلا سال ہے اگر اس سال خریداروں کو کوئی مشکل درپیش ہو اور تکلیف محسوس ہو تو غصہ نہ کریں۔

حضور نے فرمایا کہ دعائیں کریں اپنے لیے ملک کے لیے انسانیت کے لیے غلبہ اسلام کیلئے۔

ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کا سالانہ اجلاس

انشاء اللہ ۲۷ دسمبر ۱۹۸۱ء کو ۸ بجے شب بمقام فضل عمر ہسپتال ربوہ منعقد ہو رہا ہے۔ جملہ ممبران سے اس میں شمولیت کی درخواست ہے۔

لطیف احمد قریشی
(سیکرٹری ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن)

تقریب رخصتانہ

میری بچی عزیزہ فرحت نسیم صاحبہ کا نکاح بمورخہ ۲۳ اکتوبر 1981 بروز جمعہ بہمراہ عزیزم مبشر احمد ابن محمد عبداللہ صاحب ساکن ڈیرہ مہلیانہ ضلع شیخوپورہ کا اعلان بعوض مبلغ ۵۰۰ روپے حق مہر مکرم بشیر احمد صاحب سکنہ چک ۹۶ گ ب نے فرمایا۔ اسی روز تقریب رخصتانہ عمل میں آئی۔ تقریب رخصتانہ کے موقع پر دعا مکرم عبدالقادر صاحب آف سرگودھا نے کرائی۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے ہر جہت سے مبارک اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین۔ (عبدالحمید ولد نور محمد مرحوم چک ۹۶ گ ب صریح تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد)

ایام جلسہ
عبادتوں اور دعاؤں کے دن
زہے نصیب

خوشخبری
ہم نے کراچی کی کمپنی سے جلسہ سالانہ کی آمد پر نمکو جس میں مختلف ورائٹی ہیں۔ دال مونگ۔ دال چنا دال مونگ۔ مونگ پھلی وغیرہ جو بہترین لذیذ خوش ذائقہ ہیں اہل ربوہ کو کراچی ریٹ پر ہم سے دستیاب ہیں۔ جو بند ڈبوں میں ہیں۔ اس کے علاوہ کراچی کا مشہور احمد سوہن حلوہ بند ڈبوں میں بھی دستیاب ہے۔
اس کے علاوہ سلائی مشین۔ پیڈل سلائی مشین۔ پریشر ککر بھی دستیاب ہیں۔
عبدالرحمٰن بھٹی
ڈیلر: سلیقہ سلائی مشین اقصیٰ روڈ ربوہ

جلسہ سالانہ کے ایام میں
• امسال بھی اپنی روایات کیمطابق ہماری دوکان دن رات کھلی رہے گی (انشاء اللہ تعالیٰ)
• ڈسپنسری کا انتظام بھی موجود ہے۔
ایاز میڈیکل ہال رحمت بازار ربوہ

ہڈیوں کے ڈھانچوں پر
گوشت پوست چڑھانیوالی نایاب دوا
"پیور الفلفا ٹانک کورس"
استعمال کیجئے۔ یہ ٹانک بھوک بڑھاتا۔ پوری غذا جزو بدن بناتا۔ جگر۔ معدہ گردہ مثانہ اور پھیپھڑوں کو طاقت ور بناتا۔ ہر قسم کی کمزوری کا فوری ازالہ کرتا اور بکثرت خون پیدا کرتا ہے۔ قیمت ۲/ ڈاک سے ۲۴/
شاہ ہومیو پیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات
اور چاندی کے خوشنما برتن ٹی سیٹ وغیرہ کے لئے
فرحت علی جیولرز کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور
فون نمبر ۵۲۶۲۳